ٹاون میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل۔ کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر کی زیرصدارت کونسل کے اجلاس کا انعقاد

ناظم آباد ٹاون میں IT ڈپارٹمنٹ کے قیام کی منظوری

ناظم آباد ٹاون میں FBR کیسز کے حل کے حوالے سے قانونی مشیر کا تقرر

ناظم آباد ٹاون کی ترقی کے لئے ٹھوس اقدامات کرنے ہونگے۔سید محمد مظفر

مورخہ: 24 جون 2024

کراچی (   ) چیئرمین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر کی زیرصدارت کونسل کے عام اجلاس کا انعقاد۔اجلاس میں وائس چیئرمین نعمان صدیقی اور ٹاون اراکین کونسل نے شرکت کی۔اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔اس موقع پر چیئرمین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر نے کہا کہ ناظم آباد ٹاون کی ترقی کے لئے بہترین حکمت عملی کے تحت ٹھوس اقدامات کرنے ہونگے، ہم اپنے وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرتے ہوئے ٹاون کی ترقی کے لئے کوشاں ہیں، اجلاس میں مختلف قراردادیں پیش کی گئیں، جس میں محکمہ فنانس ٹاون میونسپل کارپوریشن ناظم آباد کے تحت انکم ٹیکس FBR کیسز کے حل کے لئے جز وقتی قانونی مشیر کا تقرر، عصر حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ناظم آباد ٹاون میں IT ڈپارٹمنٹ کے قیام کی منظوری، بلدیاتی جرائم کی روک تھام کے لئے انسپکٹر کے تقرر کی تجویز، ٹاون میونسپل کارپوریشن ناظم آباد کی آمدنی میں اضافے کے لئے قانونی اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے لینڈ یوٹیلائزیشن ٹیکس کے نفاذ کی منظوری، جو کاروباری حضرات ناظم آباد ٹاون میں کاروبار کرررہے ہیں اور ٹیکس کی ادائیگی نہیں کررہے ہیں ان کو ٹیکس نیٹ ورک میں شامل کرنے کی تجویز، اراکین کونسل نے پارکوں کی بحالی اور ناظم آباد ٹاون میں ہفتہ صفائی کمپین کی تجویز پیش کی، اجلاس پیش کی گئی تمام قراردادیں اور تجاویز اتفاق رائے سے منظور کی گئیں، اجلاس میں میونسپل کمشنر اقتدار علی جعفری، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ آصف بیگ، ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد، ڈائریکٹر پارکس آصف حسین، ڈائریکٹر کونسل عبید عالم، ڈپٹی ڈائریکٹر حماد، اور دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے،

فہیم مصطفیٰ

ڈائریکٹر انفارمیشن

ناظم آباد ٹاون